سوال

(179)ایک شخص کنویں میں گر پڑتا ہے یا کسی کے گھر آگ لگ جاتی ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جماعت ہورہی ہے ایسے وقت ایک شخص کنویں میں گر پڑتا ہے یا کسی کے گھر آگ لگ جاتی ہے۔ یا اس قسم کا کوئی اور حادثہ ہوجائے تو کیا نمازی نماز توڑ کر اُس کی امداد کریں یا نماز جاری رکھیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی کے کنویں میںگرنے کی خبر آجائے یا اس قسم کا کوئی اور حادثہ ہوجائے تو نماز توڑنے میں کوئی حرج نہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے سواری کے بھاگ جانے کے خطرہ سے نماز توڑ دی تھی۔ ملاحظہ فصل رابع مشکوۃ۔ عبداللہ امرتسری روپڑی

(فتاویٰ اہل حدیث جلد دوم ص ۱۹۶)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 263

محدث فتویٰ